اہلسنت کے مقدسات کی توہین

اہلسنت کے مقدسات کی توہین

س: بعض سٹلائٹ اور انٹرنیٹ ذرائع ابلاغ پر زوجہ رسول اکرم (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے بارے میں توہین آمیز اور ناپسندیدہ کلمات اور پیغمبر اسلام (ص) کی ازواج کے بارے میں عفت اور کرامت کے منافی الزامات عائد کئے گئے ہیں ان کے بارے میں جناب عالی کا فتوی کیا ہے؟
آپ پر مخفی اور پوشیدہ نہیں ہے کہ اس قسم کی توہین آمیز حرکات کی وجہ سے تمام اسلامی مذاہب اور مکتب اہلبیت (علیہم السلام) کے پیروکاروں میں زبردست بےچینیںگرانی اور نفسیاتی دباؤ قائم ہوگیا ہے۔

ج) اہلسنت برادران کے مقدسات کی توہین اور اہانت حرام ہے اور پیغمبر اسلام (ص) کی زوجہ پر الزام اس سےکہیں زیادہ سخت و سنگین ہے اور یہ امر تمام انبیاء (ع) کی ازواج بالخصوص پیغمبر اسلام (ص) کی ازواج کے لئے ممنوع اور ممتنع ہے۔